Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ شوال المکرم سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۶ء جلد ۲۲

غیر معمولی گزٹ

حکم اجلاس عالیہ جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

مورخہ ۱۹ جنوری ۳۶ء

مسودہ ایکٹ ہذا غیر معمولی گزٹ میں شائع کردیا جائے

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

مسودہ قانون مجوزہ مکمل ایکٹ بغرض اشاعت گزٹ منیجر صاحب پریس کے پاس مرسل ہو۔ قانون ہذا کل غیر معمولی گزٹ میں شائع کیا جائے

دستخط سکریٹری صاحب بہادر
لیجسلیٹو کمیٹی و اسٹیٹ کونسل

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

مسودہ رامپور اسٹیٹ موٹر وہیکل ایکٹ ۱۹۳۶ء

حصہ اوّل

ابتدائی

مختصر نام وسعت اور نفاذ اور ابتدائے نفاذ

دفعہ ۱ (۱) اس ایکٹ کا نام "رامپور اسٹیٹ موٹر وہیکل ایکٹ ۱۹۳۶ء" ہوگا۔

(۲) یہ ایکٹ تمام ریاست رامپور میں نافذ ہوگا۔

(۳) اس کا نفاذ ــــــ سے عمل میں آئے گا۔

دفعہ ۲۔ موٹر گاڑی میں گاڑی یکہ یا دیگر ذریعہ آمد و رفت شامل ہے جو کہ بذریعہ مشین یا برقی قوت سے کل یا جزو چلائی جاتی ہو یا چلائی جا سکتی ہو۔
"پبلک مقام" سے مراد ہے ایک سڑک گلی یا راستہ یا دیگر مقام خواہ وہ شاہراہ عام ہو یا نہ ہو جہاں لوگ آ جا سکتے ہیں۔ یا جہاں پر گذرنے کا ان کو حق حاصل ہو۔

نوٹ:۔ موٹر کار کو بحیثیت گاڑی کے لائسنس دیا گیا ہے۔

حصہ دوم

شرائط اور عام اطلاق

ایسے اشخاص کو موٹر چلانے کی ممانعت جو اٹھارہ سال سے کم عمر کے ہوں

دفعہ ۳ (۱) کوئی شخص جس کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو پبلک مقام پر موٹر گاڑی نہ چلائے گا۔

(۲) موٹر گاڑی کا کوئی مالک یا انچارج شخص کسی ایسے شخص کو جس کی عمر ۱۸ سال سے کم ہو کسی پبلک مقام پر اس گاڑی کو چلانے کی اجازت نہ دیگا۔

اور دفعہ ہذا کے ضمن (۱) کے خلاف ورزی میں عدالت کا یہ قیاس کرنا جائز ہے کہ موٹر گاڑی مالک یا انچارج شخص کے ایماء سے چلی تھی۔

ٹریفک کے انتظام کے واسطے اور حادثہ کی حالت میں گاڑی روکنے کا فرض

دفعہ ۴ موٹر گاڑی کا انچارج شخص گاڑی کو روک لیگا اور اس کو مناسب وقفہ تک غیر متحرک رکھیگا۔

الف۔ جبکہ کوئی پولیس آفیسر اس سے ایسا کرنے کو کہے۔ ٹریفک منتظم بنانے کے واسطے یا ایسے شخص پر ایکٹ ہذا کے بموجب مقدمہ چلانے کی غرض سے اس کا نام اور پتہ تحقیق کرنے کے واسطے۔ یا کسی دیگر مقصد کے واسطے جو ایکٹ ہذا کے شرائط یا اس کے تحت میں وضع شدہ قواعد کے نفاذ سے متعلق ہو۔

ب۔ جب ایسا کرنے کے واسطے کوئی ایسا شخص کہ جس کے ہمراہ کوئی جانور ہو اور شخص مذکور کو یہ اندیشہ ہو کہ جانور موٹر گاڑی سے بھڑک گیا ہے یا بھڑک جائے گا۔

ج۔ جبکہ اس کو علم ہو یا علم ہونے کی وجوہات ہوں کہ مذکورہ گاڑی کی موجودگی کے باعث کسی شخص یا جانور یا کسی گاڑی کو کوئی حادثہ پیش آگیا ہے اور نیز یہ کہ اگر اس سے طلب کیا جائے تو وہ اپنا نام اور پتہ اور ایسی گاڑی کے مالک کا نام اور پتہ بھی دے گا۔

بے تحاشہ چلانا

جو شخص کسی موٹر گاڑی کو پبلک مقام پر بے تحاشہ یا غفلت سے چلائے یا ایسی رفتار پر یا ایسے طریقہ میں جو عامہ خلائق کے واسطے باعث خطر ہو موقع کے تمام حالات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے جیسے مقام مذکور کی فطری نوعیت، حالت اور استعمال ٹریفک کی مقدار جو اس وقت موجود ہو یا جس کے ایسے مقام پر ہو جانے کی متوقع ہو کی جا سکتی ہو تو مستوجب سزائے پانچصد روپیہ تک کے جرمانہ کی سزا کا

متوجب ہوگا۔

حصہ سوئم

لائسنسوں کا اجرا اور انتظام

دفعہ ۶ کوئی شخص کسی موٹر گاڑی کو نہ چلائیگا کسی پبلک مقام پر تا وقتیکہ وہ باضابطہ لائسنس یافتہ نہ ہو اور کسی موٹر گاڑی کا کوئی مالک یا انچارج شخص کسی ایسے شخص کو گاڑی چلانے کی اجازت نہ دیگا جس کے پاس گاڑی کے چلانے کا لائسنس نہ ہو۔ بشرطیکہ اس بارہ میں گورنمنٹ رامپور کے وضع شدہ قواعد کی پابندی کے ساتھ یہ دفعہ ایسے شخص پر عائد نہ ہوگی۔ جو موٹر چلانے کی تعلیم حاصل کر رہا ہو۔

انتقال لائسنس

دفعہ ۷ کوئی لائسنس دار اس لائسنس کو کسی دوسرے شخص کو استعمال میں آنے کی اجازت نہ دیگا۔

دفعہ ۸ موٹر گاڑی کے ڈرائیور کا فرض ہے کہ اگر کوئی پولیس آفیسر طلب کرے تو اپنا لائسنس اس کے سامنے پیش کر دے۔

چلانے کے لائسنس کی وسعت جواز

دفعہ ۹ موٹر گاڑی کے چلانے کا ہر لائسنس ایسے رقبہ میں جو اس کے اندر تحریر کر دیا جائے جائز ہوگا کہ آمدنی یہ شرط ہے کہ کسی لائسنس کے اندر ایسا رقبہ تحریر نہ کیا جائے گا جو اس ریاست سے باہر ہو جس کے اندر یہ لائسنس دیا گیا ہے تا وقتیکہ یہ ایسی شرائط اور قیود کے ساتھ جاری کیا گیا ہو۔ جس کو گورنمنٹ رامپور عائد کرے۔

موٹر گاڑیوں کی رجسٹری

دفعہ ۱۰ (۱) ہر موٹر گاڑی کا مالک باضابطہ طریقہ میں اسکی رجسٹری کرائے گا۔

(۲) ایسی رجسٹری صرف ایسے رقبہ کے اندر جائز ہوگی جو اسکے سارٹیفکٹ رجسٹری میں تحریر ہوگا۔

(۳) بشرطیکہ کوئی سارٹیفکٹ رجسٹری اس ریاست کی حدود کے باہر جہاں چلایا جائز نہ ہوگا تا وقتیکہ ایسی شرائط اور قیود کے ساتھ جاری کیا گیا ہو جسکو گورنمنٹ رامپور عائد کرے۔

رامپور گورنمنٹ کے اختیارات وضع قواعد

دفعہ ۱۱ (۱) رامپور گورنمنٹ ایکٹ ہذا کے احکام کی تعمیل کے واسطے اور اس امر کے انتظام کے لئے کہ پوری ریاست میں یا اس کے کسی مخصوص حصہ میں موٹر گاڑیاں یا کسی خاص قسم کی موٹر گاڑیاں پبلک مقامات پر کس طریقہ سے چلائی جاویں قواعد مرتب کر سکتی ہے لیکن ان قواعد کا پہلے سے مسودہ شائع ہوگا۔

(۲) بالتخصیص اور بغیر تنقیص عمومیت اختیارات ماسبق۔ رامپور گورنمنٹ کل یا بعض مذکورہ تحت مقاصد کیواسطے قواعد مرتب کرے گی۔ یعنی۔

(الف) موٹر گاڑیوں کی رجسٹری کی شرائط کے متعلق فیس رجسٹری اجراء سارٹیفکٹ رجسٹری اطلاع تبدیل ملکیت، مطابق احکام مندرجہ فصل ۱۰ وہ رقبہ اور وہ مدت جس کے اندر اور دوران میں سارٹیفکٹ رجسٹری جائز ہوگا۔

(ب) موٹر کو آسانی شناخت کرنے کی نسبت ایسی موٹر گاڑیوں کو امتیازی نمبر دے کر اور نام و نمبر کی تختیوں کو نمایاں کر کے یا اسکے سوا کسی دیگر طریقہ سے

(س) موٹر گاڑیوں کی شناخت اور ساز و سامان کی تنظیم کے متعلق جو متعلق ہے ڈھنی اوزار کا استعمال گھنٹی بتیاں، آلہ اظہار رفتار اور دیگر ضروریات پر۔

(د) وہ افسر جو موٹر گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے لائسنس یا کسی خاص قسم کے ڈرائیوروں کے لائسنس جاری کریگا۔ اور وہ شرائط جن کے تحت میں ایسے لائسنس جاری ہونگے وغیرہ جو ایسے لائسنس کے لئے قابل ادائیگی ہوگی (مطابق احکام دفعہ ۹) وہ رقبہ اور وہ مدت جس کے اندر اور دوران میں لائسنس جائز رہے گا۔

(ح) وہ شرائط اور قیود جن کے تحت میں لائسنس کی تنسیخ عمل میں آئے گی۔ اور وہ افسر جو لائسنس کو منسوخ کرے گا۔

(س) وہ شرائط جن کے مطابق اور وہ فیس، اگر کوئی ہو، جسکی ادائیگی پر موٹر گاڑیاں پبلک مقام پر کرایہ پر چل سکتی ہیں۔

(ص) ان احتیاطوں کی پابندی کے متعلق جو ایسی حالت میں عائد ہوتی ہیں جب کہ موٹر گاڑیاں پبلک مقام پر کھڑی ہوں۔

(ط) کسی خاص پبلک مقام پر یا عام طور پر جس رفتار سے موٹر گاڑیاں چلائی جا سکتی ہیں اس کا تعین کرنا۔

(ع) ایسے پبلک مقامات پر موٹر گاڑیوں کے چلانے کی ممانعت اور قواعد کے متعلق جہاں پر رامپور گورنمنٹ کی رائے میں بمطابق

کو خطرہ یا تکلیف پہونچنے کا اندیشہ ہو۔

(ف) عام خلائق یا کسی شخص کو خطرہ یا نقصان یا تکلیف کے انسداد یا انسداد خطرہ یا نقصان پل یا مزاحمت ٹریفک کے متعلق

(۲) تمام قواعد مرتبہ تحت دفعہ ہذا ریاست کے گزٹ میں شائع ہوں گے اور اشاعت کے بعد ایسے موثر متصور ہونگے کہ گویا وہ اس ایکٹ میں درج ہوئے ہیں

نوٹس چسپاں کرانا — کسی پبلک مقام پر موٹر گاڑیوں کے چلانے کے انتظام اور ممانعت کے متعلق یا ایسے مقام پر موٹر گاڑیوں کی تعین رفتار کے متعلق گورنمنٹ رامپور تحت دفعہ ۱۱ جو قاعدہ منضبط کرے گی اور کسی ایسے قاعدہ کے نفاذ کے متعلق مقررہ حاکم طریقہ مشتہرہ کے مطابق ایک عام اعلان جاری کریگا اور جس مقام سے یہ قاعدہ تعلق رکھتا ہو اس پر یا اس کے نزدیک نمایاں نوٹس چسپاں کرادیگا۔

کسی مرتبہ یا موٹر گاڑی کو اس حصہ کے نفاذ سے مستثنیٰ کرنے کا رامپور گورنمنٹ کو اختیار

دفعہ ۱۳ رامپور گورنمنٹ کو اختیار ہے کہ رامپور گزٹ میں اعلان کے ذریعے کسی مرتبہ کو جس کی صراحت مذکورہ اعلان میں ہوگی اس حصہ کے نفاذ سے مستثنیٰ کردے۔ اور اس قسم کے اعلان کے ذریعے کسی موٹر گاڑی یا کسی خاص قسم کی موٹر گاڑیوں کو بقید یا بلا قید مدت اس کل حصے یا اس کے کسی جزو سے مستثنیٰ کردے

حصہ چہارم

ایسی موٹر گاڑیوں کے متعلق جو چند روز کے واسطے ریاست رامپور کے اندر آئیں یا اس کے باہر جائیں

وضع قواعد کی نسبت رامپور گورنمنٹ کا اختیار

دفعہ ۱۴ رامپور گورنمنٹ

(۱) کل معاملات ذیل یا ان میں سے بعض کے واسطے قواعد وضع کر سکتی ہے

الف۔ ایسے پاس، سارٹیفکیٹ یا اجازت نامہ کی تصدیق کے متعلق جو ان اشخاص کو دیا جائے۔ جو ریاست ہذا سے ایسی موٹر گاڑی کو تھوڑے عرصے کے واسطے باہر لے جائیں۔ یا ان ڈرائیوران کو دیا جائے جو ایسی گاڑیوں کے ہمراہ ان کو چلانے کی غرض سے ریاست ہذا سے باہر جائیں۔

ب۔ جو لوگ چند روزہ قیام کے واسطے اپنی موٹر گاڑیاں ریاست رامپور کے اندر اپنے ہمراہ لائیں ان کو مذکورہ گاڑیوں کے رکھنے اور استعمال کرنے کے واسطے کن شرائط کا پابند ہونا لازم ہوگا۔

(۲) ایسے تمام قواعد رامپور گزٹ میں شائع ہوں گے۔ اور بعد اشاعت اس طرح موثر سمجھے جائیں گے کہ گویا وہ اس ایکٹ میں درج ہوئے ہیں

دفعہ ۱۵ کوئی دفعہ ایکٹ ہذا یا کوئی قاعدہ متعلقہ امور ذیل

الف۔ موٹر کی رجسٹری کے متعلق۔ یا

ب۔ ایسی موٹر گاڑیوں کی ساخت و شناخت اور ساز و سامان کے متعلق

ج۔ ڈرائیوروں کے لائسنس یا ان کی قابلیت کے متعلق ایسی موٹروں سے متعلق نہ ہوگا جن کا حوالہ دفعہ ۱۴ ضمن (الف) مندرجہ میں ہے اور نہ ان لوگوں سے متعلق ہوگا جو ان کے مالک ہوں یا ان کو استعمال کرتے یا چلاتے ہوں مگر شرط یہ ہے کہ اگر ضمن مذکورہ کے بموجب کوئی قاعدہ بنا ہو جو ایسے شخص یا گاڑی پر عائد ہوتا ہو تو اس کی پوری تعمیل کرالی گئی ہو۔

حصہ پنجم

متفرقات

سزائے جرائم

دفعہ ۱۶ - جو شخص اس ایکٹ کی کسی دفعہ یا اس کے کسی قاعدہ کی خلاف ورزی کرے گا۔ یا اگر کوئی خاص سزا ایسی خلاف ورزی کے واسطے اس ایکٹ میں موجود نہ ہو جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہوگا جس کی انتہائی تعداد ایک صد روپیہ ہوگی۔ اور اگر کوئی شخص اس ایکٹ کی یا ایسے قاعدہ کی جو اس کے تحت میں وضع ہو اس سے قبل سزا پا چکا ہو تو جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہوگا۔ جس کی انتہائی تعداد دو صد روپیہ ہوگی۔

اختیار سماعت جرائم

دفعہ ۱۷ - کوئی عدالت جو مجسٹریٹ درجہ دوم سے کمتر ہو کسی جرم کی سماعت نہیں کرے گی جو اس ایکٹ یا اس کے کسی قاعدہ کی رو سے قابل سزا ہو

تنسیخ و تعطیل لائسنس اور حصول لائسنس کی عدم قابلیت

دفعہ ۱۸ (۱) رامپور گورنمنٹ کو اس مدعا کے موافق اختیار ہے

الف - کہ کسی ایسے لائسنس کو جو اس ایکٹ کے تحت میں جاری ہو منسوخ یا معطل کر دے۔

ب - کسی شخص کی نسبت اعلان کر دے۔ کہ وہ دائماً یا ایسی مدت کے واسطے جس کو وہ مناسب خیال کرتی ہے حصول لائسنس کے واسطے ناقابل قرار دیا جائے

مشتہرہ حاکم بپابندی شرائط و قیود مشتہرکردہ ایکٹ ہذا کی رو سے جو لائسنس جاری ہوا ہو اس کو منسوخ یا معطل کر سکتا ہے

(۲) وہ عدالت جس میں کسی شخص کو اس ایکٹ یا کسی قاعدہ موضوعہ تحت ایکٹ ہذا کی خلاف ورزی یا موٹر چلانے سے کسی جرم میں سزا ملی ہو اگر وہ تحت ایکٹ ہذا لائسنس دار ہو تو لائسنس کی پشت پر سزا کی صراحت کر دے گی۔ اور اس کو اختیار ہے کہ اس شخص اور اس لائسنس کے متعلق وہی اختیارات عمل میں لائے جو ضمن (۱) کی رو سے گورنمنٹ رامپور کو حاصل ہیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ کوئی حکم جو اس ضمن کے بموجب عدالت کو صادر ہو کسی شخص یا کسی لائسنس کی نسبت تاریخ سزا یابی سے ایک سال سے زیادہ عرصہ کے واسطے مؤثر نہیں ہوگا۔

(۳) وہ عدالت جس میں کسی لائسنس دار ایکٹ ہذا پر ضمن (۲) کا کوئی جرم لگایا جائے اختیار رکھتی ہے کہ تا انفصال مقدمہ لائسنس کو معطل کر دے۔

(۴) اگر کوئی حکم نسبت منسوخی یا معطلی لائسنس یا نسبت ناقابلیت لائسنس دار دفعہ ہذا کی بموجب صادر ہو تو اس کی کیفیت لائسنس کی پشت پر درج کی جائے گی۔ اور یہ نقل بحوالہ دفعہ ہذا اس افسر کے پاس ارسال کر دی جائے گی جس نے کہ مذکورہ لائسنس جاری کیا ہو

(۵) ہر لائسنس دار کو لازم ہے کہ جب کوئی افسر اس دفعہ کے بموجب اس کا لائسنس دیکھنا چاہے تو لائسنس اس کے سامنے پیش کرے

(۶) کوئی شخص جس کا لائسنس اس دفعہ کے بموجب منسوخ یا معطل کیا جائے مؤثر میعاد تنسیخ یا تعطل کے اثنا میں کوئی دوسرا لائسنس حاصل نہیں کر سکتا

(۷) کوئی شخص جس کے لائسنس پر حکم منسوخی یا معطلی تحریر کیا جائے یا جو حصول لائسنس کے واسطے ناقابل قرار دیا جائے حصول لائسنس کے واسطے اس وقت تک درخواست نہیں دے سکتا جب تک کہ اس کے سابقہ لائسنس کے اندراج و اس کی عدم قابلیت کا اظہار صاف طور پر نہ کر دیا جائے۔